MTN-12-G1-19

PAPER CODE
NUMBER:4021

2019 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں )

وقت = 20 منٹ

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا

کل نمبر = 20

گروپ - پہلا

حصہ معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

(1) اکبری کو سسرال میں ______ کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ (A) سلیقہ شعار بہو (B) تیز دار بہو (C) مزاج دار بہو (D) اکبری

(2) اورنگ زیب عالمگیر کی وفات ہوئی۔ (A) ۱۷۰۰ء میں (B) ۱۷۰۷ء میں (C) ۱۷۱۳ء میں (D) ۱۷۲۰ء میں

(3) مولوی نذیر احمد نے ______ سے تعلیم حاصل کی۔ (A) دلی کالج (B) علی گڑھ کالج (C) اسلامیہ کالج لاہور (D) گورنمنٹ کالج لا

(4) اکبری کے خاوند کا نام ______ تھا۔ (A) محمد کامل (B) محمد فاضل (C) محمد عاقل (D) محمد عادل

(5) جنگ قادسیہ میں مسلمانوں کا مقابلہ ہوا۔ (A) قریش سے (B) ایرانیوں سے (C) رومیوں سے (D) شامیوں سے

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(6) ______ محنت کرو گے تو پاس ہو جاؤ گے۔ (A) کیوں کہ (B) چوں کہ (C) اگر (D) خواہ

(7) حسن نے بتایا ______ وہ لاہور جائے گا۔ (A) یا (B) تو (C) پر (D) کہ

(8) " قصص ہند " چھپ ______ ہے۔ (A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

(9) اس کا گھر، دکانیں اور سامان سب کچھ بک ______ (A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

(10) چچا اور بھتیجا ______ (A) لڑ پڑا (B) لڑ پڑیں (C) لڑ پڑو (D) لڑ پڑے

رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(11) " استفہامیہ " کی تعریف ہے۔ (A) مختصر ٹھہراؤ (B) جواب دینا (C) سوال پوچھنا (D) قول بیان کرنا

(12) " سکتہ " کہتے ہیں۔ (A) بہت زیادہ ٹھہراؤ کو (B) مختصر ترین ٹھہراؤ کو (C) سوال کرنے کو (D) جملے کے اختتام

(13) جب تفصیل دینا مقصود ہو تو تمہیدی جملے کے بعد لگاتے ہیں۔ (A) وقفہ (B) ندائیہ (C) تفصیلیہ (D) رابطہ

(14) جب کوئی جملہ ختم ہو تو کون سی علامت لگاتے ہیں؟ (A) ختمہ (B) سکتہ (C) رابطہ (D) ندائیہ

(15) " ! " کس کی علامت ہے؟ (A) سوالیہ (B) ندائیہ (C) سکتہ (D) ختمہ

امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیش نظر درست جواب منتخب کیجیے۔

(16) نکلنا (A) چور بھاگ نکلا۔ (B) میرا انعام نکلا۔ (C) احمد کی کمیٹی نکلی۔ (D) افسر پاگل نکلا۔

(17) لگنا (A) مجھے چوٹ لگی۔ (B) بچے کو سردی لگی۔ (C) زاہد ہنسنے لگا۔ (D) لڑکی کیسی لگی؟

(18) رہنا (A) امتحان کیسا رہا؟ (B) بچہ روتا رہا۔ (C) آج یہاں رہ جاؤ۔ (D) رہنے دو، کوئی اور بات کرو

(19) دینا (A) مجھے پیسے ادھار دینا۔ (B) مجھے کتاب دینا۔ (C) اس نے سب کو رلا دیا۔ (D) مجھے امتحان دینا ہے۔

(20) پڑنا (A) اسے کام پڑ گیا۔ (B) وہ سکول پڑھتا ہے۔ (C) وہ بے وجہ لڑ پڑا۔ (D) ہاسٹل میں رہ کے پڑھنا چاہیے



ParhloPakistan.com

MTN-12-G1-19

رول نمبر ____________

2019 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - پہلا **اِنشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے، ہے سچا ایک نام اُس کا

ہر اک ذرّہ فضا کا داستاں اس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آکے دیتا ہے پیام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں
بیٹھا تھا اس کے پاس، مرا دل وہیں رہا

آخر کو ہو کے لالہ اُگا نوبہار میں
خونِ شہید عشق نہ زیرِ زمیں رہا

دی جان ایسے ہوش سے اپنی کہ خلق کو
جینے کا میرے تا دمِ آخر یقیں رہا

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) ”نواب صاحب کو ان کی طرف مطلق التفات نہ تھا، شاید اولاد نہ ہونے کے سبب محبت نہ کرتے ہوں، ورنہ بیگم صورت میں چندے آفتاب، چندے ماہتاب اور حسن و دولت پر مزاج ایسا سادہ کہ ہم جیسے ناچیز وں کو برابر بٹھاتا اور پوچھنا۔“

(ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انھیں صرف دوڑنے اور ڈنڑ پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں، نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدرآباد کی ملازمت کے زمانے میں چودن فوج میں بھی رہے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) محنت پسند خردمند (ii) ایوب عباسی

5۔ نصاب میں شامل سید ضمیر جعفری کی نظم ”آدمی“ کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) منشیات اور اس کی روک تھام (ii) تعلیمِ نسواں (iii) کھیلوں کی اہمیت

7۔ اپنے استاد کے نام کامیابی کی اطلاع دینے کے لیے خط لکھیں۔ 10

2-2019(A)-35000 (MULTAN)

ParhloPakistan.com